نمبر۔ 21.1

*ایگزیکٹیو آرڈر*

**ریاستِ نیویارک میں پولیو کے بدستور جاری پھیلاؤ کی وجہ سے ریاست بھر میں آفت کی ہنگامی صورتحال کا اعلان جاری رکھا جاتا ہے**

**جبکہ،** 21 جولائی 2022 کو راکلینڈ کاؤنٹی کے ایک غیر ویکسین یافتہ رہائشی میں مفلوج کرنے والے پولیو کے ایک کیس کی نشاندہی کی گئی تھی جس نے پولیو کی علامات کے ظہور کی ارتقائی مدت کے دوران کوئی بین الاقوامی سفر نہیں کیا تھا؛

**جبکہ،** راکلینڈ کاؤنٹی کے فرد کو متاثر کرنے والے پولیو وائرس کی شناخت ویکسین سے اخذ کردہ پولیو وائرس کے کیس کے طور پر ہوئی ہے، جس میں نیویارک میں آخری کیس کی شناخت 1990 میں ہوئی تھی؛

**جبکہ،** اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست اور ستمبر 2022 میں کنگز، نساؤ، اورنج، کوینز، راکلینڈ اور سولیوان کاؤنٹیز میں نکاسی کے پانی سے لیے گئے نمونوں میں سے جنیاتی تعلق رکھنے والا پولیو وائرس پایا گیا ہے؛

**جبکہ،** 1979 میں ریاستہائے متحدہ امریکہ میں پولیو کے خاتمے کا اعلان کیا گیا تھا، جس کی بنیادی وجہ پولیو کے خلاف ویکسینیشن کی بلند شرح تھی؛

**جبکہ،** تمام عمروں کے افراد میں پولیو کے خلافِ معمول قطرے پلانے کی شرح COVID-19 کی عالمی وباء کے دوران کم ہوئی ہے اور ویکسین سے ہچکچاہٹ بڑھ گئی ہے؛

**جبکہ،** نیویارک میں 2 سال کے بچوں میں پولیو کے خلاف ویکسینیشن کی شرح 79% ہے اور یہ متعدد کاؤنٹیز اور زپ کوڈز کے مقابلے میں واضح طور پر کم ہے؛

**جبکہ،** صحت کے مقامی محکمے مسلسل پولیو وائرس کی وباء کے خلاف تشخیص میں معاونت، رابطے میں رہنے والے افراد کی شناخت اور نگرانی، زد میں آ جانے والے رابطے میں رہنے والے افراد اور خصوصی توجہ یافتہ زیادہ خطرے کی زد میں موجود آبادیوں کو ویکسین لگائے جانے اور تعلیم اور رسائی کے ذریعے امدادی کاروائیاں کر رہے ہیں؛

**جبکہ،** ریاستی حکومت کو میونسپلٹیز، مقامی علاقوں اور کاؤنٹیز کی پولیو وائرس کی ویکسین لگانے اور ٹیسٹ کرنے؛ اور اس مرض کے پھیلاؤ کو جاری رہنے سے روکنے کے لیے کوششوں میں سہولت کاری کے لیے ان کی معاونت کرنا ہو گی۔

**لہٰذا، اب** میں Kathy Hochul، گورنر ریاستِ نیو یارک، خود کو تفویض کردہ اختیارات کی رو سے، ریاستِ نیویارک کے آئین اور قوانین کے مطابق جیسا کہ ایگزیکٹو آرڈر 21 میں درج ہے اور اس میں موجود شرائط و ضوابط اور معطلی کو جاری رکھتے ہوئے ریاست میں آفت کی ہنگامی صورتحال سے متعلق کیے گئے اعلان کو 8 نومبر 2022 تک توسیع دیتی ہوں؛ اور

**مزید برآں،** ایگزیکٹو قانون کے آرٹیکل B-2 کے سیکشن 29 میں مجھے تفویض شدہ اختیار کے تحت، کہ کسی ریاستی آفت کی ہنگامی صورتحال کے دوران کسی ایجنسی کے دستور، مقامی قانون، آرڈیننس، حکم نامے، اصول یا ضابطے یا ان کے کسی حصے کو عارضی طور پر معطل یا تبدیل کر سکوں، اگر اس دستور، مقامی قانون، آرڈیننس، حکم نامے، اصول یا ضابطے کی تعمیل ناگہانی آفت کی صورتحال سے نمٹنے کے لیے لازمی کاروائی کو روکے، اس کی راہ میں رکاوٹ ہو یا اس میں تاخیر کرے یا اس آفت سے نمٹنے کے لیے وہ تبدیلی لازمی ہو، میں ذیل کے مطابق اس ایگزیکٹو حکم نامے پر درج تاریخ سے 8 نومبر، 2022 تک ذیل میں درج تمام کو عارضی طور پر معطل یا ان میں تبدیلی کرتی ہوں:

- ایگزیکٹو آرڈر 21 میں شامل، پبلک ہیلتھ لاء کے سیکشن 3001 کی سب ڈویژن 6 اور 7، سیکشن 800.3 کی سب ڈویژن (o) اور (p) اور NYCRR کے ٹائیٹل 10 کے سیکش 800.15، کی عارضی ترمیم، اس میں اس حد تک ترمیم جو کہ سند یافتہ ہنگامی طبی ٹیکنیشنز۔ پیرامیڈکس اور ایڈوانسڈ EMS فراہم کنندگان کو جوکہ محکمۂ صحت کی پیشگی منظوری سے پولیو وائرس کے خلاف ویکسینیشن لگانے کی کمیونٹی پیرا میڈیسن سروسز فراہم کا مجاز بناتی ہے، اس میں مزید اس حد تک ضروری ترمیم کی جاتی ہے کہ سند یافتہ ہنگامی طبی ٹیکنیشنز-پیرامیڈکس اور ایڈوانسڈ EMS فراہم کنندگان کو یہ بھی اجازت ہو کہ وہ پولیو وائرس کے خلاف ویکسینیشنز لگائیں جس میں تشنج، کالی کھانسی، ہیپاٹئٹس بی اور Hib ویکسینیں شامل ہیں؛

- ایگزیکٹو آرڈر 21 میں شامل، ایجوکیشن لاء کے سیکشن 6951، اور NYCRR کے ٹائیٹل 8 کے سیکش 5.5-79، کی عارضی ترمیم، اس میں اس حد تک ترمیم جس کے تحت دائیوں، کو کسی بھی مریض کو، مریض کا تعین نہ کرنے والے حکم نامے کے تحت کسی لائسنس یافتہ فیزیشنز، لائسنس یافتہ فیزیشن کے اسسٹنٹس یا سند یافتہ پیشہ ور نرسز کی طبی نگرانی میں پولیو وائرس کے خلاف ویکسینیشن لگانے کا

اختیار دیا گیا، اس میں مزید اس حد تک ضروری طور ترمیم کی جاتی ہے کہ دائیوں کو یہ بھی اجازت ہو کہ وہ پولیو وائرس کے خلاف ویکسینیشنز لگائیں جس میں خناق، تشنج، کالی کھانسی، ہیپاٹئٹس بی اور Hib ویکسینیں شامل ہیں؛

- ایگزیکٹو آرڈر 21 میں شامل، ایجوکیشن لاء کے سیکشن 6801 کی سب ڈویژن 2 اور NYCRR کے ٹائیٹل 8 کے سیکشن 63.9 کی عارضی ترمیم، حد تک کہ یہ ترمیم فارماسسٹس، کو کسی بھی مریض کو، مریض کا تعین نہ کرنے والے حکم نامے کے تحت پولیو وائرس کی ویکسینیشن لگانے کا اختیار دیا گیا، اس میں اس حد تک ضروری ترمیم کی جاتی ہے کہ فارماسسٹس کو اجازت ہو کہ وہ مریض کا تعین کرنے والے حکم نامے کے تحت پولیو وائرس کی ویکسینیشنز بھی لگانے کے مجاز ہوں اور اس حد تک بھی ضروری ترمیم کی جاتی ہے کہ وہ پولیو وائرس کے خلاف بھی ویکسینیں بھی لگا سکیں جس میں تشنج، کالی کھانسی، ہیپاٹئٹس بی اور Hib ویکسینیں شامل ہیں؛ اور
- ایگزیکٹو آرڈر 21 میں شامل، ایجوکیشن لاء کے سیکشن 6527 کی سب ڈویژن 6، پبلک ہیلتھ لاء کے سیکشن 6909 کی سب ڈویژن 4 اور NYCRR کے ٹائیٹل 8 کے سیکشن 64.7 کی عارضی ترمیم، اس حد تک کہ اس ترمیم کے تحت فیزیشنز اور سند یافتہ پیشہ ور نرسز کو مریض کا تعین نہ کرنے والے اجازت نامے جاری کر سکیں کہ قانون کی طرف سے مجاز اشخاص یا اس ایگزیکٹو آرڈر کی طرف سے مجاز اشخاص کو پولیو وائرس کے خلاف ویکسینیشن لگانے کا مجاز بنایا جا سکے، اس میں اس حد تک ضروری طور پہ ترمیم کی جاتی ہے کہ فیزیشنز اور سند یافتہ پیشہ ور نرسز کو اجازت ہو کہ وہ مریض کا تعین نہ کرنے والے اجازت نامے بھی جاری کریں کہ جس کے مطابق پولیو وائرس کے خلاف ویکسینیشنز لگانے کی اجازت دیں جس میں خناق، تشنج، کالی کھانسی، ہیپاٹئٹس بی اور Hib ویکسین شامل ہوتی ہیں، اور لائسنس یافتہ فارماسسٹس کو مریض کا تعین کرنے والے اجازت نامے بھی جاری کر سکیں کہ جس کے مطابق وہ پولیو وائرس کی روک تھام کے لیے حفاظتی ٹیکہ جات و ادویات لگانے کے مجاز ہوں کہ جس میں خناق، تشنج، کالی کھانسی، ہیپاٹئٹس بی اور Hib ویکسین شامل ہیں؛

سال دو ہزار بائیس میں آج اکتوبر کے نویں دن البانی شہر
میں میرے دستخط اور ریاست کی مجوزہ مہر کے تحت
جاری کیا گیا۔

*منجانب گورنر*

سیکرٹری از گورنر